www.wilayattimes.com
اشاعت کا دوسرا سال

ہفت روزہ ولایت ٹائمز سرینگر
WILAYAT TIMES

اللہ کی ولایت مومنین اور متقین پر ہے وہ انہیں تاریکی سے روشنی کی طرف نکال لاتا ہے

جلد:3 ☆ شمارہ نمبر:18 ☆ تاریخ:7 اگست تا 13 اگست 2017ء بمطابق 14 ذی القعدہ تا 20 ذی القعدہ 1438ھ ☆ صفحات:8

۴ رہبر معظم کا بیان خوش آیند

۴ نادیہ کی دردناک داستان

۵ ظلم کا خاتمہ کیسے ہو گا

www.wilayattimes.com

داعش نام

یہ ہم نے داعش کے نام سے تشکیل پانے والے گروہ کے پہلے امیر کی زندگی، امارت تک پہنچنے کا سفر اور اس میں بعثی فوجی افسران کے کردار نیز اس سب سے امریکی اداروں کی بے اعتنائی کا کچھ جائزہ لیا۔ یہ کہنا کہ ترتیب وار واقعات کیسے ہوئے ہوں گے یقیناً ایک مشکل اور گہرا کام ہے، تاہم اب تک جو اس حوالے سے سامنے لایا جا چکا ہے، سے نہایت واضح ہے کہ داعش کی تشکیل میں مغربی ایجنسیوں اور موساد کا اہم کردار تھا۔ عراق میں داعش کی تشکیل اگرچہ بعثی فوجیوں کی منصوبہ بندی نظر آتی ہے، تاہم یہ سب کچھ امریکہ کی موجودگی میں اور اس کے زیر انتظام اسارت خانوں میں ہوتا رہا۔ پھر نہایت منظم انداز سے یہ گروہ دنیا بھر کے علاقوں میں سامنے آنے لگے۔ دولت اسلامیہ کا صوبہ خراسان، صوبہ قفقاز، صوبہ شمالی افریقہ، صوبہ یمن، صوبہ عراق و شام تمام کے تمام تقریباً ایک ہی وقت میں ظاہر ہوئے۔ یوں بہت سے ممالک میں داعش کا ایک ہی مرتبہ سامنے آنا کسی بڑی طاقت کا اس کھیل کے مہروں کو چلانے کا عندیہ دیتا ہے۔ خود واشنگٹن پوسٹ نے اپنی 4 اپریل 2015ء کی اشاعت میں اس بات کا اعتراف کیا کہ داعش کی مرکزی قیادت کا تعلق عراق کی بعثی افواج سے ہے۔ ایسا کہنے کے پیچھے دو مقاصد ہو سکتے ہیں۔ ایک یہ کہ داعش ایک مقامی تحریک ہے اور دوسرا یہ کہ امریکہ کا اس میں کوئی کردار نہیں، تاہم آج 2017ء میں بہت سے ایسے شواہد سامنے آچکے ہیں، جس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ داعش کیسے اور کس کی ایماء پر تشکیل پائی اور اس کی تشکیل سے کسے فائدہ ہوا۔

ابھی تک کی تحریر میں ہم نے ابوبکر البغدادی کا ایک اجمالی جائزہ پیش کیا، اس گروہ کے عراق و شام میں دیگر مرکزی راہنماؤں کا ایک اجمالی تعارف ذیل میں پیش خدمت ہے۔

حاجی بکر: سابق بعثی کرنل، (اس شخص نے ابوبکر البغدادی کی بطور امیر تنصیب میں اہم کردار ادا کیا)

عبداللہ احمد المشہدانی: سابق بعثی افسر (خارجی جنگجوؤں اور خودکش بمباروں کا انچارج)

ابواحمد العلوانی: سابق بعثی افسر (داعش کی ملٹری کونسل کا رکن)

ابوایمن العراقی: بعثی عراقی ایئر فورس کی انٹیلی جنس کا افسر (داعش کا مرکزی راہنما رکن ملٹری کونسل)

ابوعلی انباری: بعثی فوج کا میجر جنرل (داعش کا نائب امیر)

ابومسلم العفاری الترکمانی: بعثی ملٹری انٹیلی جنس کا کرنل (اپنے قتل تک نائب امیر)

واشنگٹن پوسٹ کی رپورٹ کے مطابق اس مرکزی قیادت میں سے اکثر افسران قتل ہو چکے ہیں، تاہم دوسرے سابق فوجی افسران نے ان افسران کی جگہ لے لی ہے۔ ان بعثی افسران میں سے اکثر بقعہ کی جیل میں قید رہے اور بغدادی سے ان کا تعارف اسی جیل میں ہوا۔ آہستہ آہستہ ان کو عراقی معاشرے میں بھیجا جاتا رہا اور انہوں نے عراق اور شام میں داعش کی بنیاد رکھی۔ دوسری جانب امریکی افواج عراق کا کنٹرول دینے کے لئے مقامی فوجیوں اور سکیورٹی اداروں کو تربیت دیتی رہی۔ اس تربیت کا بھانڈا اس روز پھوٹا جب نینوا کی جانب سے داعش ایک کالی آندھی کی صورت میں نمودار ہوئے اور موصل، تکریت، کرکوک، الانبار، فلوجہ کو فتح کرتے ہوئے سامرہ کی سرحدوں تک پہنچ گئے۔ امریکی افواج کے تربیت یافتہ کمانڈر ایک ہی حملے میں اپنا سب کچھ چھوڑ چھار فرار کر گئے اور نہتے فوجی داعش کے ہتھے چڑھ گئے، جنہیں داعش نے انتہائی بے دردی سے موت کے گھاٹ اتارا۔

داعش کی فلوجہ اور نینوا کے صوبوں میں پیشرفت نہایت عجیب واقعہ ہے، جس پر بعد اُ بہت سے تجزیہ کاروں نے تجزیہ کرتے ہوئے لکھا کہ کیسے ممکن ہے کہ اس قدر بڑی پیشرفت اڑتی چڑیا کے پر گننے والے امریکی اداروں کی نظر سے پنہاں رہی ہو۔ یہ تجزیہ اگرچہ ایک اندازہ تھا، تاہم حقائق اس وقت بھیانک ہو گئے جب برطانوی عدالت میں سویڈن کے ایک شہری پر شام میں دہشتگردی میں ملوث ہونے سے متعلق ایک مقدمہ چلا اور مقدمے کے دوران معلوم ہوا کہ برطانوی خفیہ ادارے ہی اس گروپ کو ہتھیار اور تزویراتی امداد مہیا کر رہے تھے، جس سے تعلق کی بنا پر سویڈش شہری کے خلاف مقدمہ چلایا جا رہا تھا۔ گارڈین کی یکم جون 2015ء کی اشاعت کے مطابق برطانوی کورٹ کو اس مقدمے کو ختم کرنا پڑا، تاکہ ملک کے سکیورٹی اداروں کو شرمندگی سے بچایا جا سکے۔ سویڈن کے شہری گلڈو کے وکیل نے متعدد اخباری رپورٹوں کا حوالہ دیا، جن میں کہا گیا تھا کہ مغربی ادارے اردن میں دہشتگردوں کو تربیت دے رہے ہیں، اسی طرح لیبیا سے ہتھیار شام منتقل کرنے میں بھی برطانوی ادارے امریکی اداروں کے ہمکار ہیں۔ برطانوی عدالتوں میں پیش کیا جانے والا یہ پہلا مقدمہ نہ تھا، جس کو داخل دفتر کیا گیا، اس سے قبل اسی برس اکتوبر میں معظم بیگ کے مقدمے میں بھی اسی طرح کے شواہد کے سامنے آنے کے بعد اس مقدمے کو داخل دفتر کیا گیا۔ اسی اثناء میں 2012ء میں امریکی سکیورٹی ادارے کی جانب سے پیش کی گئی ایک رپورٹ بھی منظر عام پر آئی، اس رپورٹ میں واضح طور پر لکھا گیا تھا کہ ”مشرقی شام اور عراق و شام میں القاعدہ کے زیر قبضہ علاقوں میں ایک سلفی ریاست کے قیام کی پیشین گوئی کے ساتھ ساتھ اس پیشرفت کو خوش آمدید کہا جاتا ہے۔“

اس رپورٹ کا آخری جملہ بعض دیگر امور سے پردہ اٹھاتا ہے۔ تمام عرب دنیا سے دہشتگردوں کے لئے نئی مراعات عراقی میدان جنگ کا رخ کر رہی ہیں۔ گارڈین کی 3 جون 2015ء کی اشاعت کے مطابق سابق امریکی نائب صدر جو بائڈن نے ان حقائق کے سامنے آنے کے بعد اپنی جان بچاتے ہوئے ساتھیوں کو پھنسا دیا اور اس بات کی تصدیق کی کہ داعش کی تشکیل میں خلیجی اتحادیوں نے کردار ادا کیا ہے۔ اسی دوران میں جب روس نے شام کے معاملے میں مداخلت کی تو اس نے داعش کی جانب سے تیل کی ترسیل کے پورے نظام پر سے پردہ اٹھایا، ترکی کی سرحد کے ساتھ داعش کے تیل سے بھرے ہوئے سینکڑوں ٹینکرز پر حملہ کر کے عملاً روس نے داعش کی معیشت کو نہ صرف روند دیا بلکہ اس کاروبار سے جڑے ہوئے دیگر ممالک کے چہروں کو بھی بے نقاب کر دیا۔ روس نے وہ تمام راستے بتائے، جہاں سے عراق اور شام سے نکلنے والا خام تیل ترکی جاتا تھا اور پھر ترکی کے بحری جہازوں میں لاد کر یہ تیل یورپ اور امریکہ تک پہنچایا جاتا تھا۔ شام میں اقوام متحدہ کے نمائندے کا بیان یروشلم پوسٹ نے 20 مارچ 2017ء کو شائع کیا، جس میں اقوام متحدہ کے نمائندے نے شام میں اسرائیلی بمباری کی مذمت کی اور کہا کہ یہ حملے اقوام متحدہ کے چارٹر کی خلاف ورزی نیز دہشت گردوں کی حمایت کے مترادف ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ القاعدہ سے منسلک دہشت گرد اسرائیلی مراکز صحت میں علاج کروا رہے ہیں۔ مغرب اس کے حواریوں اور موساد کے داعش کی تشکیل اور اس کی مدد کے حوالے سے بہت سے ٹھوس شواہد سامنے آچکے ہیں، جن کو اگر اکٹھا کیا جائے تو شاید ایک مفصل کتاب تیار ہو جائے۔ یہ تحریر ان تمام موضوعات کا ایک اجمالی جائزہ ہے، تاکہ گذشتہ چند برسوں کی تاریخ اور داعش کے نام سے عالم اسلام کے خلاف کی جانے والی مغربی سازش کا ایک مختصر تعارف پیش کیا جا سکے۔

عراق اور شام میں داعش کی تشکیل کے حوالے سے ہم نے ابھی تک اجمالی تذکرہ کیا۔ روس کے شام کی جنگ میں ورود کے بعد داعش کو بے پناہ نقصان اٹھانا پڑا، داعش اور دہشت گردوں کی معیشت پر کاری ضربیں لگائی گئیں، ان کے مراکز پر حملے ہوئے۔ اگرچہ روس کی شام میں آمد سے قبل امریکہ بھی ظاہراً یہی کام کر رہا تھا، تاہم داعش اور دہشت گرد ختم ہونے کے بجائے بڑھتے چلے جا رہے تھے، جو فقط تین ماہ کے حملوں میں سکڑ کر رقہ اور دیر الزور تک محدود ہو گئے۔ عراق جہاں داعش کے حملے اور دو اہم صوبوں پر قبضوں کے بعد قومی فوج عملاً ختم ہو چکی تھی، میں بقیہ ریاست کے دفاع کو ایک چیلنج کے طور پر قبول کیا گیا اور چند برسوں میں ایک ایسی دفاعی مشینری تشکیل دی گئی، جس نے نہ صرف داعش کا عراق سے خاتمہ کیا بلکہ ملک کا چپہ چپہ ان کے قبضے سے واگزار کروایا۔ مغربی میڈیا اور ذرائع ابلاغ کے چینلز نے اس عظیم معرکے اور کامیابی پر بالکل چپ سادھ لی جبکہ یہی چینل چند برس قبل عراق کی تقسیم اور تین ریاستوں کے قیام کے حوالے سے مقام یقین پر فائز ہو چکے تھے۔

عراق میں چند برسوں کے اندر داعش کی حکومت کا خاتمہ اور داعشی عناصر کی سرکوبی جدید عسکری تاریخ کا ایک اہم کارنامہ ہے۔ خام تیل، تزویراتی راہنمائی، مالی مدد اور عسکری تربیت کے حامل وحشی دہشت گردوں کو چند برسوں کے اندر ختم کر کے ان کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے اپنے ملک سے نکال پھینکنا یقیناً کوئی چھوٹا کارنامہ نہیں ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ دنیا کے بہت سے ممالک دہائیوں سے اس فکر کے حامل دہشتگردوں سے نبرد آزما ہیں، تاہم حتمی فتح اور کامیابی اب تک کسی کا مقدر نہیں بن سکی۔ اس فتح میں یقیناً عراق کے عوام، وہاں کے علماء، سیاسی راہنماؤں اور حامی ممالک کا اہم کردار ہے۔ داعش کے اہم مرکز موصل میں ناکامی کے بعد اب ان کے لئے جائے پناہ شام میں دیر الزور اور رقہ کے علاقے ہیں۔ حلب، حمص، دمشق اور دیگر اہم علاقوں سے دہشت گردوں کا خاتمہ ہو چکا ہے۔ آخری معرکہ یقیناً دیر الزور اور رقہ میں ہی متوقع ہے۔ عراق کی رضا کار فورس حشد الشعبی جانتی ہے کہ اگرچہ موصل سے داعش کا صفایا ہو گیا ہے، تاہم جب تک ان کو دیر الزور اور رقہ میں بھی شکست نہیں دی جاتی، اس وقت تک خطہ میں امن و امان کو یقینی نہیں کہا جا سکتا۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے موصل کی فتح کے بعد داعش کا شام میں بھی تعاقب جاری رکھنے کا عندیہ دیا ہے۔

دولت اسلامیہ اور دیگر عسکری گروہوں کے خلاف لڑی جانے والی اس جنگ کا اہم ترین اور حساس ترین پہلو اس کا مسلکی پہلو تھا۔ بہت سی قوتوں کی جانب سے کوشش کی گئی کہ اس جنگ کو دو مسالک کی جنگ بنا کر پیش کیا جائے، تاہم عراق اور شام کے سنی و شیعہ علماء اور عوام نے اس کوشش کو ناکام بنانے میں اہم ترین کردار ادا کیا۔ داعش کی تشکیل کے حقائق کا مطالعہ کرنے سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ یہ جنگ مسالک کی نہیں بلکہ بعثی ٹولے، ان کے حامیوں اور عالمی جواریوں کی جانب سے مسلط کردہ جنگ تھی، جو انہوں نے عراق اور شام کے مسلمانوں پر مسلط کی، تاکہ ان ممالک کے وسائل پر قبضہ کیا جا سکے۔ اس جنگ کا ایک اور ہدف خطے میں موجود صہیونی ریاست کا دفاع اور اسے محفوظ بنانا تھا۔ بعثی ٹولہ، ان کے حامی اور عالمی جواری اس جنگ میں ناکام ہوئے اور عراق و شام کے عوام ہزاروں انسانوں کی قربانی، لاکھوں افراد کی مہاجرت، مال و اسباب کے چھن جانے کا غم جھیلنے کے بعد اس سازش کو ناکام بنانے میں کامیاب ہوئے۔

داعش کے خلاف لڑی جانے والی یہ جنگ ابھی مکمل نہیں ہوئی، صوبہ قفقاز، صوبہ یمن، افریقہ، لیبیا، صوبہ خراسان، انڈونیشیا، ملائشیا، فلپائین اور دیگر ممالک میں اس گروہ سے متمسک افراد موجود ہیں، جنہوں نے القاعدہ کے بعد داعش نامی اس گروہ کی بیعت کی اور اپنے ملکوں میں نام نہاد خلافت کے قیام کے لئے سرگرم عمل ہیں۔ القاعدہ کی مانند ظاہراً تو یہ افراد مقامی سطح پر ایک نظم تشکیل دیتے ہیں، تاہم انہیں یہ معلوم نہیں ہو پاتا کہ حقیقت میں ان کی ڈوریں کہاں سے ہلائی جا رہی ہیں۔ داعش نامہ لکھنے کا ایک مقصد یہ بھی تھا کہ اس گروہ کی تشکیل اور اس میں ملوث کرداروں کے چہروں پر سے نقاب پلٹا جا سکے، تاکہ امت مسلمہ کے نوجوان اس عالمی سازش کا شکار نہ ہوں۔ مرکز یعنی عراق کے شہر موصل میں ناکامی اگرچہ بہت بڑی شکست ہے، تاہم اس فکر کی گذشتہ تیس سالہ تاریخ کی روشنی میں یہ ضروری نہیں کہ یہ گروہ باقی مقامات پر بھی کمزور پڑے۔ میری نظر میں داعش یعنی داعش سازوں کا مرکز کے طور پر اگلا انتخاب صوبہ خراسان اور قفقاز ہے۔ یہ خطہ اس سے قبل بھی عالمی جواریوں کا میدان کارزار بن چکا ہے۔ خراسان کے چند علاقوں پر قبضے کے بعد بآسانی یہاں خلافت کے قیام کا اعلان کیا جا سکتا ہے۔ قفقاز، مشرق بعید، عرب دنیا اور یورپ نیز ہمسایہ ممالک سے افرادی قوت بآسانی حاصل کی جا سکتی ہے۔ افغانستان میں داعش اور طالبان کے مابین جبہۃ النصرہ، احرار الشام اور داعش کی طرح کی جنگ چھڑنا کوئی اچھنبے کی بات نہیں ہوگی۔ ون بیلٹ ون روڈ کا منصوبہ جو خطے کی ترقی اور پیش رفت کا ضامن ہے کو تعطل میں ڈالنے اور اسے خطرات سے دوچار کرنے کے لئے بھی داعش ایک اہم اوزار کے طور پر کام کر سکتا ہے۔

داعش کی صوبہ خراسان میں بیخ کنی کے نام پر اس خطے میں ورود کی راہ تلاش کی جا سکتی ہے۔ یہ اندازے نہیں بلکہ حقیقت ہے، جو بی بی سی کے نامہ نگاروں کے مطابق افغانستان میں تشکیل پا رہی ہے۔ بی بی سی کی ایک اہم رپورٹ کے مطابق داعش کے افغانستان میں قدم جمانے کا آغاز 2014ء کے آخر میں ہوا اور وہ زیادہ نمایاں طور پر جنوری 2015ء میں سامنے آئی، جب اس نے مشرقی صوبہ ننگر ہار میں میں ایک بڑے حصے پر کنٹرول کر لیا۔ 25 فروری 2017ء کو بی بی سی کے نامہ نگار داؤد عظمی نے اپنی رپورٹ میں لکھا کہ ”یہ پہلا موقع تھا جب دولت اسلامیہ مشرق وسطی سے باہر باضابطہ طور پر نمودار ہوئی۔ اس نے چند ہی ہفتوں میں افغانستان کے پانچ صوبوں ہلمند، ذبول، فرح، لاگر اور ننگر ہار میں مختلف علاقوں پر کنٹرول حاصل کر لیا۔ بظاہر ننگر ہار غیر اعلانیہ طور پر افغانستان میں داعش کا دارالحکومت ہے، جو داعش کے تصور کے مطابق دولت اسلامیہ صوبہ خراسان کے مرکز کی حیثیت رکھتا ہے۔“ پس یہ جنگ خراسان میں آ نہیں رہی بلکہ آچکی ہے اور یہ جنگ بنیادی طور پر روس، چین، پاکستان، ایران نیز مشرقی ایشیاء کی ریاستوں کو ہی لڑنی ہے۔ ون بیلٹ ون روڈ، خطے کی ریاستوں کا داخلی امن اس جنگ میں کامیابی پر ہی منحصر ہے۔ دوسری جانب امریکہ، ہندوستان اور اسرائیل کے بڑھتے ہوئے روابط جہاں کشمیر اور فلسطین کے مسلمانوں کے لئے تشویشناک ہیں، وہیں یہ خطے کے ممالک بالخصوص ون بیلٹ ون روڈ کے حامی ممالک کے لئے بھی فکر انگیز ہیں۔ پاکستان، روس اور چین خطے میں بدلتی صورتحال سے نابلد نہیں ہیں۔ تینوں ریاستیں اپنے تئیں اقدامات کر رہی ہیں۔ خیبر فور کا آغاز پاک فوج کی جانب سے اس بدلتی ہوئی صورتحال کے حوالے سے آمادگی اور تیاری کا عندیہ ہے۔

داعش نامہ: ابتداء سے انتہاء تک

داعش کے خلاف لڑی جانے والی یہ جنگ ابھی مکمل نہیں ہوئی، صوبہ قفقاز، صوبہ یمن، افریقہ، لیبیا، صوبہ خراسان، انڈونیشیا، ملائشیا، فلپائین اور دیگر ممالک میں اس گروہ سے متمسك افراد موجود ھیں، جنھوں نے القاعدہ کے بعد داعش نامی اس گروہ کی بیعت کی اور اپنے ملکوں میں نام نہاد خلافت کے قیام کے لئے سرگرم عمل ھیں۔ القاعدہ کی مانند ظاھراً تو یہ افراد مقامی سطح پر ایك نظم تشکیل دیتے ھیں، تاھم انھیں یہ معلوم نہیں ھو پاتا کہ حقیقت میں ان کی ڈوریں کھاں سے ھلائی جا رھی ھیں۔ داعش نامہ لکھنے کا ایك مقصد یہ بھی تھا کہ اس گروہ کی تشکیل اور اس میں ملوث کرداروں کے چھروں پر سے نقاب پلٹا جاسکے، تاکہ امت مسلمہ کے نوجوان اس عالمی سازش کا شکار نہ ھوں۔

تحریر: سید اسد عباس

''دولت اسلامیہ فی العراق والشام'' جس کا مخفف داعش ہے، 2014ء میں عراق کے بعض علاقوں پر قبضے کے بعد منصۂ شہود پر آئی۔ اس سے قبل دنیا میں القاعدہ کا طوطی بولتا تھا۔ القاعدہ کی مانند اس گروہ کا تعلق بھی وہابی فکر سے تھا، تاہم سلفی اور وہابی اسلام کے سب سے بڑے مراکز سعودیہ، کویت، قطر نے حکومتی سطح پر تو اس گروہ سے اظہار لاتعلقی کیا، تاہم نچلی سطح پر اس گروہ کی حمایت اور مالی معاونت کے شواہد سامنے آئے۔ اس بات کے بھی شواہد موجود ہیں کہ اس گروہ کی تشکیل میں القاعدہ کی مانند امریکی، اسرائیلی اداروں نے بھی کردار ادا کیا۔ بنیادی طور پر القاعدہ کی باقیات جو مختلف اسلامی ممالک میں پس زندان تھی، کو نہایت منظم انداز سے ایک نئی تنظیم اور شکل وصورت کے ساتھ سامنے لایا گیا اور پھر ایک طے شدہ منصوبہ کے تحت اس گروہ نے عراق میں شب خون مارا اور ایک وسیع رقبہ چند دنوں میں اس گروہ کے زیر قبضہ چلا گیا۔ عراق کے بعد شام میں بھی داعش نے کامیابیاں حاصل کیں، یمن، لیبیا، الجیریا، خراسان، مغربی افریقہ، صومالیہ، قفقاز میں اس گروہ کی شاخیں منظر عام پر آنے لگیں۔ داعش کا گہرائی سے مطالعہ کرنے والے بہت سے لکھاریوں اور صحافیوں کا کہنا ہے کہ بنیادی طور پر داعش عراق میں موجود صدام حسین کے تحت کام کرنے والے فوجی اور سکیورٹی افسران کا گروہ تھا، جو امریکہ کی قید سے آزاد ہونے والے ایک سلفی جنگو ابوبکر البغدادی کے تحت کام کر رہے تھے۔ داعش کی تشکیل کے حوالے سے 2014ء سے 2017ء تک بہت کچھ لکھا اور کہا گیا۔ القاعدہ کی مانند اس کی تشکیل کی تفصیلات بھی منظر عام پر آئیں، جن سے واضح طور پر معلوم ہوتا ہے کہ ان افراد کو ایک بڑے ہدف و مقصد کے لئے منظم کر کے میدان میں اتارا گیا اور اس لانچنگ میں بہت سے ممالک کے مختلف اداروں کا اہم کردار ہے۔

ذیل میں داعش کی اعلٰی قیادت کے حوالے سے ایک جائزہ پیش خدمت ہے، جس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ یہ گروہ کس کی ایما پر اور کیسے معرض وجود میں آیا۔

ابوبکر البغدادی

داعش کی خود ساختہ خلافت کا پہلا اور آخری امیر جس کا حقیقی نام ابراہیم عواد ابراہیم البدری ہے، 1971ء میں عراق کے شہر سامرہ میں پیدا ہوا۔ بغدادی کے والد عواد ایک مذہبی شخصیت تھے، بغدادی بھی مذہب کی جانب مائل تھا جبکہ اس کے کئی رشتہ دار بعث پارٹی کے رکن اور دو چچا صدام کے سکیورٹی اداروں کے رکن تھے۔ بغدادی نے صدام یونیورسٹی سے قرات قرآن کے شعبہ میں ماسٹرز کیا۔ بروکنگ ایجوکیشن سائٹ کے مطابق بغدادی کے بعثی رشتہ داروں کی بدولت اسے گریجویٹ پروگرام میں شمولیت کا موقع ملا۔ بغدادی کے چچا اسماعیل البدری نے بغدادی کو اخوان میں شمولیت کی دعوت دی، جبکہ محمد ہردان نے اسے سلفی اسلام سے روشناس کروایا۔ محمد ہردان اسی کی دہائی میں افغان جنگ میں شرکت کر چکا تھا۔ 2003ء میں جب امریکہ نے صدام حکومت کا خاتمہ کیا تو اس وقت بغدادی نے جیش السنۃ والجماعۃ کے نام سے ایک گروہ تشکیل دیا۔ 2004ء میں بغدادی امریکیوں کے ہاتھوں اسیر ہوا۔ امریکی ذرائع کے مطابق ہمیں معلوم نہ ہوا کہ بغدادی ایک جہادی ہے اور اس نے اپنی اس شناخت کو چھپائے رکھا، جبکہ بغدادی اپنے جس دوست کے ہمراہ گرفتار ہوا، وہ دوست مطلوب افراد کی فہرست میں شامل تھا۔ مغربی منابع کہتے ہیں کہ بغدادی دس ماہ تک ہماری قید میں رہا اور وہاں وہ دینی سرگرمیاں انجام دیتا رہا۔ یہ اتفاق کی بات ہے کہ بغدادی کو جس جیل میں رکھا گیا، وہاں اکثر قیدی صدام کی بعثی افواج کے سابق رکن تھے اور بغدادی ان کے مابین دین پھیلا رہا تھا اور یہ تمام باتیں دنیا کے بہترین سکیورٹی اداروں سے مخفی رہیں۔

بالکل ہالی ووڈ کی فلم کی طرح بغدادی بقعہ جیل میں خفیہ طور پر جہادی مشن پر تھا، بعثی فوجیوں کو اپنی خلافت کے لئے تیار کرتا رہا، اسلامی خلافت کی بنیادیں بناتا رہا اور دنیا کی بہترین انٹیلی جنس سروسز اور فوج جو حالت جنگ میں تھی، کو نہیں معلوم ہو سکا کہ انتہائی مطلوب شخص کا دوست بذات خود جہادی ہے اور جیل میں کیا سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ اسی لئے گارڈین اخبار نے لکھا کہ اگر عراق میں بقعہ جیل نہ ہوتی تو آج داعش کا کوئی وجود نہ ہوتا۔ بہر حال دسمبر 2004ء میں بغدادی کو چھوڑ دیا گیا اور پھر کبھی نہ دیکھا گیا کہ بغدادی کہاں ہے اور کیا کر رہا ہے۔ بقعہ جیل سے نکل کر بغدادی نے اپنے ایک رشتہ دار کی وساطت سے القاعدہ جو اس وقت زرقاوی کے سرکردگی میں فعال تھی، میں روابط پیدا کئے۔ 2006ء میں زرقاوی ایک امریکی حملے میں قتل ہوا اور اس کی جگہ ابو عمر البغدادی نے لی۔ ابو عمر بعثی فوج کا افسر تھا، اس نے زرقاوی کے گروہ میں بعثی فوجیوں کو بھرتی کرنا شروع کیا۔ اس دور میں ابوبکر البغدادی گروہ کے مذہبی امور کا انچارج قرار پایا۔ اسی دوران بغدادی نے علوم قرآن میں پی ایچ ڈی کی ڈگری بھی حاصل کی۔ بغدادی کو عراقی القاعدہ میں شریعہ کمیٹی کا سربراہ متعین کر دیا گیا۔ زرقاوی کے بعد بننے والے امیر ابو عمر جو خود بعثی فوج کا ایک افسر تھا، کے دور امارت میں بہت سے سابق بعثی فوجی افسر القاعدہ کی اس عراقی شاخ کے رکن بن گئے اور ان میں اکثر وہ افراد تھے، جو بقعہ جیل میں بھی رہے تھے۔

اس گروہ نے القاعدہ کا کنٹرول بیرونی قائدین سے عراقی قائدین تک لانے میں اہم کردار ادا کیا۔ یہ افراد خود تو اپنے بعثی ماضی کے سبب القاعدہ کی عراقی شاخ کی امارت تک نہ پہنچ پائے، تاہم انہوں نے 39 سالہ ابوبکر البغدادی کو امیر بنوانے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ گیارہ افراد کی شوریٰ میں سے نو افراد نے ابوبکر کے حق میں ووٹ دیا اور اس ووٹنگ میں حاج بکر جو بعثی فوج کا ایک سابق کرنل تھا، نے اہم کردار ادا کیا۔ حاج بکر بھی بقعہ جیل میں بغدادی کے ہمراہ رہا۔ داعش کے بقیہ کمانڈرز کا ذکر بعد کی سطور میں آئے گا، بغدادی نے ابتدا میں ایمن الظواہری کی خفیہ بیعت کر رکھی تھی، جب شام کا قضیہ شروع ہوا تو بغدادی نے النصرہ کے جنگجوؤں کو براہ راست احکام دینے شروع کئے، جسے النصرہ نے قبول نہ کیا اور بغدادی سے بغاوت کرتے ہوئے براہ راست ایمن الظواہری کی بیعت کی۔ یعنی ایک وقت میں القاعدہ اور دولت اسلامیہ فی العراق والشام کے جنگجو اپنی اپنی خلافت کے قیام کے لئے سرگرم ہو گئے۔ ایمن الظواہری کے احکام کی مسلسل حکم عدولیوں کے باعث بغدادی اور اس کی دولت کو القاعدہ سے بے دخل کر دیا گیا، تاہم عراق اور شام میں یہ گروہ کافی تقویت پکڑ چکا تھا، جو 2014ء میں ایک منظم سازش کے تحت عراق کے ایک وسیع رقبے پر قابض ہو گیا۔ 2014ء میں بغدادی نے اپنے مقبوضہ علاقوں میں نام نہاد خلافت کا اعلان کر دیا۔ موصل کو اس دولت کا صدر مقام قرار دیا گیا اور اس دوران میں داعش نامی اس گروہ کے ہاتھوں تاریخ انسانیت کے بدترین مظالم وقوع پذیر ہوئے۔

جاری صفحہ 2 پر

مسلمان نہیں سکھ ہیں اس درگاہ کے خادم

سلمان راوی

امرتسر/ دور دور تک ڈھول تاشوں کی آواز سنائی پڑتی ہے۔ راستے میں لوگوں کا ہجوم بھی ہے جو انڈیا اور پاکستان کے سرحدی علاقے اٹاری سے صوفی بزرگ حضرت خدمت علی شاہ اور حضرت عظمت علی شاہ کی درگارہ کی جانب بڑھ رہا ہے۔ درگاہ کے مناروں پر ہرے جھنڈے ہیں جن پر چاند تارے بنے ہوئے ہیں۔ عقیدت مندوں کے ہاتھوں میں چادریں ہیں جن پر یا تو کلمہ یا قرآن کی آیتیں لکھی ہوئی ہیں۔ درگاہ میں سجادہ نشین بھی ہیں۔ مگران میں سے کوئی بھی مسلمان نہیں ہے۔ ان سب کا تعلق سکھ مذہب سے۔ درگاہ کی زیارت کرنے والے بھی اور اس کے دیکھ بھال کرنے والی بھی سب کے سب سکھ ہیں۔ یہاں ہر ہفتے بدھ کے روز میلہ لگتا ہے جس میں قوالی ہوتی ہے، ثقافتی پروگرام ہوتے ہیں اور صوفی کلام پڑھا جاتا ہے اور لنگر بھی لگتا ہے۔ درگاہ کی تاریخ پرانی ہے۔ مقامی لوگوں کا کہنا ہے یہ درگاہ اس وقت تعمیر کی گئی تھی جب یہاں مغل بادشاہ جہانگیر کی حکومت تھی۔ ان کا خیال ہے کہ یہ درگاہ1640 سے1670 کے درمیان بنائی گئی تھی۔ اس علاقے میں مغل بادشاہ جہانگیر کی آرام گاہ ہوتی تھی جہاں وہ اپنے سفر کے دوران ٹھہرا کرتے تھے۔ مقامی لوگوں کا کہنا ہے کہ حضرت خدمت علی شاہ اور حضرت عصمت علی شاہ بھی اس دور میں یہاں آئے تھے۔ یہ صوفی سنت کس ملک، کس شہر سے آئے تھے اس کے بارے میں کسی کو کچھ معلوم نہیں ہے۔ رلجہ تال کے شہری بتاتے ہیں کہ ستر برس قبل یہ درگاہ بہت بری حالت میں تھی۔ درگاہ کھنڈر بن چکی تھی اور پیروں کی قبریں بری حالت میں تھیں۔ بٹوارے کے وقت جب مقامی مسلمان پاکستان چلے گئے اس کے بعد یہاں کے سکھوں نے اس درگاہ کی دوبارہ آبادکاری کا کام شروع کیا جس کے لیے مقامی لوگوں نے عطیہ دیا۔ رلجہ تال میں ایک بڑی آبادی مسلمانوں کی تھی اور بٹوراے سے پہلے مسلمان ہی درگاہ کی دیکھ بھال کرتے تھے۔

سنہ1640 کے قریب یہاں ایک مسجد بھی تعمیر کی گئی تھی لیکن اب وہ بری حالت میں ہے۔1949 میں ہندوستان کا بٹوارہ ہوا، پنجاب بھی تقسیم ہوا، اور رلجہ تال کے مسلمان اپنا گھر بار چھوڑ کر سرحد پار چلے گئے۔ رلجہ تال کے بزرگ سوبا سنگھ کہتے ہیں پشتوں سے سکھوں کی عقیدت ان صوفی سنتوں میں رہی ہے۔ وہ کہتے ہیں 'بٹوارے کے بعد بھی سرحد پار کے مسلمان اس درگارہ پر آیا کرتے تھے اور چادر چڑھایا کرتے تھے۔ ان کا کہنا تھا'' سرحد پر خاردار تاریں کچھ ہی سالوں پہلے لگائی گئی ہیں۔ جب خاردار تاریں نہیں تھی تب لوگ زیارت کے لیے یہاں آتے تھے۔ یہ میل ملاپ کی جگہ تھی۔ جب سے تاریں لگائی گئیں تب ہی سے سرحد پار کے لوگوں نے یہاں آنا بند کیا ہے''۔

درگاہ کی دیکھ بھال کرنے والے سکھ ضرور ہیں لیکن انہوں نے مسلمانوں کے رسم و رواج کو زندہ رکھا ہے۔ درگارہ کی ورکنگ کمیٹی کے صدر وراثت سنگھ بتاتے ہیں کہ ''عقیدت اپنے آپ میں مکمل ہوتی ہے۔ ہم سکھ ہیں، ہم گردوارہ جاتے ہیں۔ لیکن ان صوفی سنتوں میں بھی ہمارا یقین اتنا ہی مضبوط ہے۔ ملک کو تو تقسیم کر دیا گیا لیکن وہ ہمارے عقیدہ کو نہیں بانٹ سکے''۔ رلجہ تال میں مسلمان آبادی نہیں ہے لیکن یہ درگاہ مقامی سکھوں کی عقیدت کا ایک اہم مرکز بن چکی ہے۔

(بشکریہ بی بی سی)

داعش کے ظلم اور بربریت کا نشانہ بننے والی یزدی دوشیزہ نادیہ کی زندگی کی مختصر داستان

نام : نادیه باسی طه

پیدائش: 1993ء

جائے پیدائش: کوجو، ضلع سنجار، صوبه نینوی، عراق

نادیہ مراد باسی طہ کا تعلق عراق میں بسنے والی یزدی اقلیت سے، نادیہ دہشت گرد تنظیم داعش کی بربریت اور سفاکیت کی زندہ مثال ہے۔ نادیہ کے آبائی علاقے میں داخل ہونے کے بعد داعش نے وہاں بربریت اور تباہی کی ایک خوفناک مثال قائم کردی، کوجو کے بیشتر مرد داعش کے ہاتھوں موت کے گھاٹ اُتار دیئے گئے جبکہ بیشتر خواتین کو قیدی بنالیا گیا، ان خواتین قیدیوں میں نادیہ بھی شامل تھیں۔ داعش کے قید میں نادیہ پر ظلم کے پہاڑ توڑ دیئے گئے نادیہ کو داعش کے قید خانوں میں بدترین تشدد اور جنسی زیادتی کا نشانہ بدستور بنایا جاتا رہا۔

کچھ عرصہ بعد نادیہ داعش سے فرار ہونے میں کامیاب ہوئیں۔ عراقی حکومت نے نادیہ کو علاج کی غرض سے جرمنی بھیج دیا۔ کچھ عرصے بعد نادیہ مختلف ٹی وی چینلز پر انٹرویو دینے لگیں اور داعش کی درندگی سے پردہ ہٹانے لگیں، نادیہ انٹرویو میں لوگوں کو آگاہی دلانے کیلئے اپنے ساتھ ہونیوالے ظلم کا حوالہ دیتی تھیں۔ نادہ نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں بھی ایک تقریر کی تھی جس نے سب کے دلوں کو ہلا کر رکھ دیا تھا۔ داعش کے حوالے سے آگاہی پھیلانے کیلئے نادیہ بہت سے ممالک کے دورے کیے ہیں۔ انہیں2016ء کو نوبل امن انعام کیلئے بھی نامزد کیا گیا تھا۔

حال ہی میں نایہ چند سالوں بعد اپنے آبائی علاقے میں واپس گئی اور اپنے آنکھوں سے ہونیوالی تباہی کا جائزہ لیا مگر نادیہ دلبرداشتہ ہو کر اونچی اونچی رو پڑیں یہ مناظر پوری دنیا میں دیکھے گئے جس نے سبھی کو رُلا کر رکھ دیا۔

رہبر معظم کا کشمیریوں کی حمایت کرنا ایک خوش آیند قدم

صدر پاکستان انتظام کشمیر

مظفر آباد/ پاکستان کے زیر انتظام کشمیر کے صدر سردار مسعود خان نے رہبر انقلاب اسلامی اور ملت ایران کی جانب سے کشمیری عوام کی حمایتوں کو سراہتے ہوئے اسے کشمیریوں کی حوصلہ افزائی کا سبب قرار دیا ہے۔ سردار مسعود خان نے کہا کہ پاکستان کے زیر انتظام کشمیر کے عوام، رہبر انقلاب اسلامی آیت اللہ العظمی خامنہ ای اور ایران کے عوام کی اخلاقی حمایتوں کی قدر کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رہبر انقلاب اسلامی کے بیانات اور ایرانی عوام کی حمایت کشمیری عوام کے حوصلے بلند ہونے اور ہندوستانی فوج کے حملوں کے باعث پیدا ہونے والی بے پناہ مشکلات کے سامنے استقامت کا جذبہ مزید مضبوط ہونے کا باعث بنی ہے۔ انھوں نے امید ظاہر کی کہ دنیا کے دوسرے ممالک بھی ایران کو نمونہ عمل بنائیں گے اور کشمیری عوام کی حمایت کے لئے اٹھ کھڑے ہوں گے تاکہ کشمیریوں کو اس سے زیادہ قربانی نہ دینی پڑے۔

بھارت میں مسلمانوں پر حملوں کیخلاف سابق فوجیوں کا وزیراعظم کے نام کھلا خط

ملک بھر میں موجودہ صورتحال خوفناک، نفرت انگیز اور مشکوک قرار

سرینگر/"مسلمانوں پر حملوں کیخلاف وزیراعظم مودی کے نام کھلا خط" لکھنے والے سابق فوجیوں نے خبردار کیا ہے کہ ملک بھارت کی موجودہ صورتحال کو خوفناک، نفرت انگیز اور مشکوک ہے۔"ولایت ٹائمز" نے نقل کیا ہے کہ کشمیر نیوز سروس کے مطابق بھارت کی تینوں افواج 'ملٹری، بحریہ اور فضائیہ' کے 100 سے زیادہ سابق فوجی افسروں اور اہلکاروں نے ملک میں مسلمانوں اور دلتوں پر ہونے والے حملوں کیخلاف اپنی ناراضگی اور تشویش ظاہر کرنے کیلئے وزیراعظم ہند نریندرا مودی کو کھلا خط لکھا ہے۔ خط میں سابق فوجیوں نے ان حملوں کی مذمت کرتے ہوئے مایوسی کا اظہار کیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی سابق فوجیوں نے ہندوتوا کی حفاظت کے خودساختہ محافظوں کی جانب سے مختلف بہانوں کے تحت مسلمانوں اور دلتوں پر کئے جانے والے وحشیانہ حملوں کی شدید تنقید کی ہے۔ کھلے خط میں ان فوجیوں نے کہا ہے کہ وہ اس بربریت کے خلاف "ناٹ ان مائی نیم" مہم کے ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے خط میں مزید برآں یہ بھی لکھا ہے کہ ملک کی مسلح افواج اب بھی 'کثرت میں وحدت' کے اصولوں پر یقین رکھتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ ملک کی موجودہ صورتحال خوفزدہ کرنے والی، نفرت انگیز اور مشکوک ہے۔ اس خط میں مسلح افواج یعنی ملٹری، بحریہ اور فضائیہ کے 114 ریٹائرڈ فوجیوں کے دستخط ہیں۔ ملک کی تینوں افواج میں مختلف سطحوں پر دہائیوں اپنی خدمات انجام دینے والے سابق فوجیوں نے اپنے خط میں مزید لکھا ہے" آج ہمارے ملک میں جو ہو رہا ہے اس سے ملک کی مسلح افواج اور آئین کو دھچکہ لگا ہے"۔ انہوں نے کہا ہے کہ ہندوتوا کی حفاظت کے لیے خودساختہ محافظوں کے حملوں میں اضافہ ہوا ہے۔ سابق فوجیوں نے دوٹوک الفاظ میں واضح کیا کہ ان حملوں کو ہم معاشرے میں غیر متوقع طور پر ہوتا ہوا دیکھ رہے ہیں۔ ہم مسلمانوں اور دلتوں پر ہونے والے حملوں کی مذمت کرتے ہیں۔ 100 سے زیادہ سابق فوجی افسروں اور اہلکاروں نے وزیراعظم ہند کے نام اپنے کھلے خط میں لکھا ہے "ہم لوگ میڈیا، سول سوسائٹی گروپ، یونیورسٹی، صحافی اور دانشوروں کے اظہار رائے کی آزادی پر حملے، ایک مہم کے ذریعہ انھیں ملک کا مخالف بتائے جانے اور ان کے خلاف روز افزوں تشدد پر حکومت کی خاموشی کی مذمت کرتے ہیں"۔ انہوں نے کہا ہے کہ ہم سابق فوجیوں کا ایک گروپ ہیں، جنھوں نے اپنی پوری زندگی ملک کی خدمت کرتے ہوئے گزاری ہے۔ منظم طور پر ہم کسی سیاسی پارٹی سے تعلق نہیں رکھتے۔ ہمارا مشترکہ عزم صرف انڈیا کے آئین کی سربلندی ہے۔ سابق فوجیوں نے نریندرا مودی سے مخاطب ہوتے ہوئے تحریر کیا ہے کہ اس خط کو لکھنے میں ہمیں تکلیف ہو رہی ہے لیکن بھارت میں ہونے والے حالیہ واقعات جو ملک کو تقسیم کر رہے ہیں، ان پر ہونے والی تکلیف کا اظہار بھی ضروری ہے۔ انہوں نے یہ بھی لکھا ہے کہ بھارت مسلح افواج کثرت میں وحدت پر یقین رکھتی ہے۔ فوج میں اپنی خدمات کے دوران انصاف، کشادگی کا احساس اور منصفانہ رویے نے ہمیں صحیح اقدامات کرنے کی راہ دکھائی۔ ہم ایک خاندان ہیں۔ انہوں نے وزیراعظم کو یاددہانی کرائی ہے کہ ہماری وراثت میں بہت سے رنگ ہیں، یہی ہندوستان ہے اور ہم اس زندہ تنوع کو سنبھال کر رکھتے ہیں، اگر ہم سیکولر اور اعتدال پسند اقدار کے حق میں نہیں بولیں گے تو ہم اپنے ملک کا ہی نقصان کریں گے۔ ہمارا تنوع ہی ہماری طاقت ہے۔ خط میں آخر میں سابق فوجیوں نے کہا ہے کہ ہم مرکز اور ریاستی حکومتوں سے اپیل کرتے ہیں کہ ہمارے خدشات پر غور کریں اور ہمارے آئین کی روح کا احترام کریں۔

حضرت امام رضاؑ کے برکت ہی سے ایران نے ہر میدان میں ترقی حاصل کی: آغا سید حسن

سرینگر/ جموں وکشمیر انجمن شرعی شیعیان کے سربراہ اور سینئر حریت رہنما آغا سید حسن الموسوی الصفوی نے رسولخدا (ص) کے آٹھویں وصی حضرت امام علی رضا علیہ السلام کے یوم ولادت باسعادت کے موقعہ پر وابستگان امامت وولایت کو ہدیہ تبریک وتہنیت پیش کرتے ہوئے اسلام اور شریعت اسلامی کی سربلندی کے لئے امام کے کردار وعمل کو تاریخ اسلام کے ایک درخشان باب سے تعبیر کیا۔ آغا سید حسن نے کہا کہ ایران کو اسلامی علوم کا ایک اہم مرکز بنانے میں امام عالی مقام (ع) کا کردار کلیدی اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ امام کی گرانقدر خدمات، قربانیوں اور دعاؤں کا ہی ثمرہ ہے کہ ایران میں ہمیشہ ایسے جلیل القدر علماء اور فقہاء پیدا ہوئے جنہوں نے دنیا بھر میں دعوت اسلام کے مشن کو جاری وساری رکھا۔ دنیا کے اکثر و بیشتر ممالک میں تشہیر اسلام کا سہرا ایرانی مبلغین کے ہی سر ہے۔ انہوں نے کشمیر میں شہری ہلاکتوں کے پے در پے سانحات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کشمیریوں کی نسل کشی کی پالیسی کے تناظر میں بھارتی فورسز کو جنگجوؤں اور عام شہریوں میں کوئی فرق محسوس نہیں ہوتا ہے۔

دُنیا میں بڑھ رہے ظلم کے خاتمے کیلئے انسانی اقدار اور اسلامی اصول عملانے کی سخت ضرورت: مولانا حامی



